**Best Start Kindergarten Assessment**
**Information for parents and carers**

# بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ
## والدین اور نگرانوں کیلئے معلومات

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ ہمارے سکول میں ٹرم 1 میں شروع ہو گی۔

بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ پوری سٹیٹ میں ہونے والی اسیسمنٹ ہے جو اساتذہ کو کنڈرگارٹن کے آغاز پر ہر طالبعلم کی پڑھنے اور حساب کی مہارتیں معلوم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس طرح اساتذہ کو اسباق کی ایسی منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملتی ہے جس سے ہر بچے کی تعلیمی ضروریات کیلئے بہترین مدد مہیا ہو۔

سکول شروع کرتے ہوئے بچے بہت سے مختلف تجربات، مہارتیں اور صلاحیتیں ساتھ لاتے ہیں۔ کچھ بچے کتابوں سے شناسا ہوتے ہیں، حروف تہجّی پہچان سکتے ہیں بلکہ اپنا نام بھی لکھ سکتے ہیں یا دس تک گن سکتے ہیں جبکہ دوسرے بچوں نے ابھی یہ مہارتیں حاصل نہیں کی ہوتیں۔

بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ اساتذہ کو یہ موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ ہر بچے کے ساتھ الگ الگ بیٹھ کر بغور دیکھیں کہ وہ بچہ کیا کر سکتا ہے۔

یہ اسیسمنٹ کوئی ٹیسٹ نہیں ہے بلکہ یہ اساتذہ کو ایسی مفید معلومات فراہم کرتی ہے جس سے وہ سکول میں آپکے بچے کو سیکھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کو اسیسمنٹ سے الگ رکھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔

لف ہذا معلوماتی پرچہ بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ انٹرپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں مدد دینے کیلئے لائن پر موجود رہے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

پرنسپل